UK Health Security Agency

نوعمر Td/IPV
3 میں 1 بوسٹر

14 سال کی عمر میں یا اسکول کے 9 سال کے دوران آپ 3 میں سے 1 نوعمری کی بوسٹر خوراک کے اہل ہو جاتے ہیں جو تشنج، خناق اور پولیو سے بچاتی ہے۔ **Td/IPV ویکسین ان متعدی بیماریوں کے خلاف آپ کے جسم کی قوت مدافعت کو بڑھائے گی جو شاید بڑھوتری کے ساتھ کم ہو گئی ہو۔**

NHS ٹیکہ کاریاں

نوجوانوں میں ٹیکہ کاری کا عمل

نوعمر نوجوانوں میں ٹیکہ کاری کے متعلق مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں **www.nhs.uk/vaccinations** یا پڑھیں **https://qrco.de/YoungPeopleImms**

اپنی رہ جانے والی خوراکوں کو لگوانے میں ابھی بہت دیر نہیں ہوئی ہے۔

یہ کتابچہ UK ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی نے تیار کیا ہے۔

© Crown copyright 2023. 1P 100K JULY 2023 (APS). Product code: .YP3BG1UR Urdu. UK Health Security Agency gateway number: 2023191

کتابچے کا آرڈر دیا یا ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے از:
www.healthpublications.gov.uk، یا کال کر کے: 0300 123 1002
(لائنیں پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک کھلی ہوتی ہیں)۔
یہ کتابچہ انگریزی زبان میں کاغذی صورت میں آرڈر کرنے کے لئے دستیاب ہے۔
اس کتابچے کے مترجم ورژنز بھی آرڈر کرنے کے لئے دستیاب ہیں۔

کیا کوئی مضر اثرات ہیں؟

ٹیکہ لگنے کے مقام پر تھوڑی سی سوجن، سرخ پن یا نرم ہونا عام بات ہے۔ بعض اوقات بغیر درد والی چھوٹی سی رسولی ہو جاتی ہے، لیکن یہ چند ہفتوں میں غائب ہو جاتی ہے۔ زیادہ سنگین اثرات شاذونادر ہوتے ہیں لیکن ان میں بخار، سر درد، غنودگی یا بیہوش ہونا، جی متلانا اور غدودوں کی سوجن شامل ہے۔

اگر ٹیکہ کاری کے بعد آپ بہتر محسوس نہیں کرتے، تو پیراسیٹامول لیں۔ بوتل یا پیکٹ پر دی گئی ہدایات بغور پڑھیں اور اپنی عمر کے مطابق دوا کی صحیح مقدار لیں۔ حسب ضرورت، 4 سے 6 گھنٹے کے بعد دوسری خوراک لیں۔

اگر دوسری خوراک کے بعد آپ کو بدستور تیز بخار رہتا ہے، اپنے ڈاکٹر سے بات کریں یا NHS کی مفت ہیلپ لائن 111 پر کال کریں۔

اگر آپ ویکسین کے ممکنہ مضر اثرات کا سامنا کرتے ہیں، آپ Yellow Card ویب سائٹ پر یا 6789 731 0800 پر (پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک) کال کر کے یا Yellow Card ایپ ڈاؤن لوڈ کر کے ان کی اطلاع دے سکتے ہیں۔
www.mhra.gov.uk/yellowcard

اپنی ٹیکہ کاری کی تازہ ترین جانچ کرنے کے لئے یہ بہترین وقت ہے

یہ ویکسین کس چیز سے میری حفاظت کرتی ہے؟

T تشنج

تشنج ایک تکلیف دہ مرض ہے جس سے اعصابی نظام متاثر ہوتا ہے جس کے باعث پٹھوں میں کھنچاؤ ہو سکتا ہے، تنفس میں مسئلہ، اور موت واقع ہو سکتی ہے۔ یہ مرض مٹی اور کھاد میں پائے جانے والے جراثیموں کا کھلے زخموں یا جلے ہوئے مقام سے جسم میں داخل ہونے کے باعث ہوتا ہے۔ تشنج ایک شخص سے دوسرے شخص میں منتقل نہیں ہو سکتا ہے۔

D خناق

خناق ایک سنگین مرض ہے جو عموماً گلے کی خرابی سے شروع ہوتا ہے جس کی وجہ سے جلد ہی سانس لینے کے مسائل ہو سکتے ہیں۔ اس سے دل اور عصبی نظام تباہ ہو سکتا ہے، اور شدید صورتحال میں، اس سے موت ہو سکتی ہے۔

IPV پولیو

پولیو ایک وائرس ہے جو عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے جس کے باعث پٹھے مستقل طور پر مفلوج ہو سکتے ہیں۔ اگر یہ سینے یا دماغ کے عضلات کو متاثر کرے تو پولیو سے موت واقع ہو سکتی ہے۔

نوعمر بوسٹر ویکسین Revaxis کہلاتی ہے، آپ مریض کا معلوماتی کتابچہ پڑھ سکتے ہیں: **www.medicines.org.uk/emc/product/5581/pil**

اگر مجھے بچپن میں تشنج، خناق اور پولیو کے خلاف ٹیکے لگے تھے کیا میں اب بھی مکمل طور پر محفوظ ہوں؟

نہیں، آپ کو پہلے سے حاصل شدہ حفاظت کو تقویت دینے کے لئے بوسٹر کی اب بھی ضرورت ہو گی۔

مجھے کتنے بوسٹرز لگوانے کی ضرورت ہے؟

اپنی قوت مدافعت بنانے اور برقرار رکھنے کے لئے آپ کو تشنج، خناق اور پولیو ویکسینز کی کل 5 خوراکوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

آپ کو لگی ہونی چاہیئے:

پہلی 3 خوراکیں
بطور بچہ

4 خوراک
جب آپ 3 اور 5 سال کی عمر کے درمیان ہوتے ہیں، یہ پری اسکول بوسٹر ہوتی ہے

خوراک5
9سال کی عمر میں دی جاتی ہے
(13سے 14 سال کی عمر)

کیا مجھے مستقبل میں مزید بوسٹرز کی ضرورت ہو گی؟

ممکنہ طور پر آپ کو ان ویکسینز کے مزید بوسٹرز کی ضرورت نہیں ہو گی۔ تاہم، آپ کو بعض ویکسینز کی اضافی خوراکوں کی ضرورت پڑ سکتی ہے اگر آپ چند ممالک کے دورے پر جا رہے ہیں یا اگر آپ کو چوٹ لگی ہے تو آپ کو تشنج کے ایک اور ٹیکے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اپنی GP سرجری میں پریکٹس نرس کے ساتھ اس کی پڑتال کریں۔

مجھے Td/IPV بوسٹر کس طرح دی جائے گی؟

آپ کو بالائی بازو میں 1 ٹیکہ لگایا جائے گا۔ کسی کو ٹیکے پسند نہیں ہیں، لیکن یہ بہت تیز ہے۔ استعمال ہونے والی سوئی چھوٹی ہوتی ہیں اور آپ کو بس سوئی کی تھوڑی سی چبھن محسوس ہونی چاہیئے۔ اگر آپ ٹیکہ لگوانے کے بارے میں تھوڑے پریشان ہیں، اسے لگوانے سے پہلے نرس یا ڈاکٹر کو بتائیں۔

کیا مجھے ابھی کوئی اور ٹیکہ کاری کروانے کی ضرورت ہے؟

جب آپ اپنی Td/IPV بوسٹر لگواتے ہیں تو آپ اپنی MenACWY ویکسین کے لئے بھی اہل ہوں گے۔ اسکول چھوڑنے سے پہلے آپ کو یہ لگوا لینی چاہیئے۔ اگر آپ کی یہ رہ گئی ہے اور آپ ابھی بھی اسکول میں زیر تعلیم ہیں تو اپنی اسکول نرس سے بات کریں۔ اگر آپ اسکول چھوڑ چکے ہیں، آپ کو لگوانے کا بندوبست کرنے کے لئے اپنے GP پریکٹس سے رابطہ کرنا چاہیئے۔ HPV اور MMR (خسرہ، کن پھیڑ اور روبیلا) سمیت اپنی تمام ٹیکہ کاریوں کو تازہ ترین کرنے کے لئے اپنے GP پریکٹس کے ساتھ پڑتال کرنا اچھا خیال ہے۔

اگر آپ کو کبھی بھی MMR ویکسین نہیں لگی، آپ کو خسرہ، کن پھیڑ اور روبیلا سے حفاظت کے لئے ایک خوراک اب اور ایک اور خوراک 1 ماہ بعد لگوانی چاہیئے۔